Ph. : (01336) 222429 Fax : 222768

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرکزی دفتر

رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند
RABTA MADARIS -E- ISLAMIA ARABIA
Darul-Uloom, Deoband (U.P.) 247554 India
E-Mail: info@darululoom-deoband.com

تاریخ .................. حوالہ ..................

# دارالعلوم دیوبند میں کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کی مجلس عاملہ کا اہم اجلاس

## مکاتب دینیہ کے قیام اور مدارس کے تحفظ واستحکام میں علماء وذمہ داران مدارس اہم کردار ادا کریں

۲۱/اکتوبر، دیوبند۔ (پریس ریلیز)

’’یہ اجلاس کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ دارالعلوم دیوبند کی مرکزی مجلس عاملہ کا ہے، رابطہ مدارس کا مقصد مدارس اسلامیہ کو فعال بنانا اور تعلیم وتربیت کے نظام کو مستحکم کرنا، مدارس کو درپیش مسائل باہمی مشورے سے حل کرنا ہے،

ان خیالات کا اظہار دارالعلوم دیوبند کے مہتمم وشیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی زید مجدہم، صدر کل ہند رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند نے فرمایا۔ موصوف رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ کی مجلس عاملہ کے ارکان ونمائندگان کے اجلاس میں صدارتی خطاب فرمارہے تھے، حضرت والا نے فرمایا کہ ملک کے تیزی سے بدلتے ہوئے حالات میں ہم خدام مدارس کو تحفظ واستحکام مدارس، مکاتب کے قیام، باہمی ربط واتحاد کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرنا ہے۔

دارالعلوم دیوبند کے صدرالمدرسین حضرت مولانا سید ارشد صاحب مدنی صدر جمعیۃ علماء ہند نے فرمایا کہ: ’’مدارس اسلامیہ کا اسلام کی حفاظت واشاعت، دینی تعلیم وتربیت کے فروغ اور ملت کی خدمت میں بڑا کردار رہا ہے، ملک کی موجودہ صورت حال میں اسلام، مسلمانوں اور مدارس اسلامیہ کے لیے حالات بڑے صبر آزما اور ہمت شکن ہیں، لیکن ہم کو اکابر کے نقش قدم پر چلتے ہوئے مدرسوں کے نظام کو فعال و مستحکم بنانا ہوگا اور ان کی نافعیت کو بڑھانا ہوگا اور ایسے طریقہ کار کو اختیار کرنا ہوگا، جس سے ملک وملت کے لیے اچھے افراد اور دینی دعوت وخدمت کے لیے باصلاحیت علماء فراہم ہوں، اصول ہشت گانہ کے مطابق نظام مدارس کو استوار کیا جائے، اخلاص وللّٰہیت اور حسن نیت کے ساتھ عواقب کو سمجھتے ہوئے کام کریں، سرکاری امداد سے اجتناب بھی ضروری ہے‘‘۔

مولانا شوکت علی قاسمی بستوی ناظم عمومی رابطہ مدارس واستاذ حدیث دارالعلوم نے رابطہ کی گذشتہ مجلس عاملہ کی کارروائی پڑھی اور مرکزی رابطہ کی سالانہ رپورٹ پیش کی جس میں مختلف صوبوں کی کارکردگی کا جائزہ بھی پیش کیا گیا تھا۔

دیگر اظہار خیال کرنے والوں میں حضرت مولانا نعمت اللہ صاحب اعظمی، حضرت مولانا رحمت اللہ صاحب میر قاسمی، حضرت مولانا محمود حسن صاحب کھیروی، حضرت مولانا محمد عاقل صاحب گڈھی دولت، جناب مولانا صدیق اللہ صاحب چودھری مغربی بنگال، جناب مولانا قاری شوکت علی صاحب ویٹ، جناب مولانا مفتی اشفاق احمد صاحب سرائے میر، جناب مولانا مفتی احمد دیولوی صاحب گجرات، جناب مولانا عبدالقوی صاحب حیدرآباد کے اسمائے گرامی شامل ہیں۔

اجلاس میں حضرت مولانا عبدالخالق صاحب مدراسی، نائب مہتمم واستاذ حدیث دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا مفتی محمد راشد صاحب اعظمی، نائب مہتمم دارالعلوم دیوبند، حضرت مولانا مفتی محمد صالح صاحب امین عام جامعہ مظاہر علوم سہارنپور، حضرت مولانا مفتی محمد امین صاحب پالن پوری، حضرت مولانا مفتی محمد یوسف صاحب تاؤلوی، حضرت مولانا مجیب اللہ صاحب گونڈوی، حضرت مولانا محمد نسیم صاحب بارہ بنکوی، حضرت مولانا حسین احمد صاحب ہریدواری ناظم مجلس تعلیمی دارالعلوم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

مرکزی دفتر

Ph. : (01336) 222429 Fax : 222768

# رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند

**RABTA MADARIS -E- ISLAMIA ARABIA**

Darul-Uloom, Deoband (U.P.) 247554 India

E-Mail: info@darululoom-deoband.com

تاریخ .................. حوالہ ..................

دیوبند، جناب مولانا علی حسن صاحب مظاہری شمالی ہریانہ، جناب مولانا محمد اسجد صاحب قاسمی مرادآباد، جناب مولانا عبدالقادر صاحب آسام، جناب مولانا زین العابدین صاحب کرناٹک، جناب مولانا مفتی محمد فاروق صاحب اڈیشہ، جناب مولانا قاری محمد امین صاحب پوکرن، جناب مولانا مفتی ریاست علی صاحب اتراکھنڈ، جناب مولانا منظور عالم صاحب مغربی بنگال، جناب مولانا ممتاز صاحب شملہ، جناب مولانا داؤد امینی صاحب دہلی، جناب مولانا محمد احمد خاں صاحب مدھیہ پردیش، جناب مفتی سراج احمد صاحب منی پور، جناب مولانا محمد ابراہیم صاحب کیرالا، جناب مولانا مفتی صلاح الدین صاحب تامل ناڈو، جناب مولانا مرغوب الرحمٰن صاحب بہار، جناب مولانا سعید احمد صاحب پونچھ، جناب مولانا عبدالقدیم صاحب ہاپوڑ، جناب مولانا محمد اسحاق صاحب جھارکھنڈ، جناب مولانا شوکت علی صاحب جھن جھنوں، جناب مولانا مفتی محمد عفان صاحب منصور پوری امروہہ، جناب مولانا امیر اللہ خاں صاحب حیدرآباد، جناب مولانا محمد خالد صاحب جنوبی ہریانہ، جناب مولانا مفتی اقبال احمد صاحب قاسمی کانپور، جناب مولانا مفتی محمد خلیل صاحب پنجاب، جناب مولانا محمد صاحب رانچی، جناب مولانا مفتی محمد اقبال صاحب وانیم باڑی، جناب مولانا مفتی طیب الرحمٰن صاحب تری پورہ، جناب مولانا عنایت اللہ صاحب جموں، جناب مولانا محمد محسن صاحب اورنگ آباد اور جناب مولانا مفتی شاکر خاں صاحب پونہ، جناب مولانا عبداللہ خالد صاحب قاسمی سہارنپور اور جناب مولانا فخرالدین صاحب مغربی بنگال وغیرہ حضرات شریک رہے۔

اجلاس میں مدارس اسلامیہ میں تعلیم وتربیت بہتر بنانے، اساتذہ کی تدریسی تربیت، اندرونی نظام میں سدھار اور مدارس کو ملک وملت کے لیے مزید نافع بنانے، ارتدادی سرگرمیوں کی روک تھام، اصلاح معاشرہ کا نظام بنانے اور ملک میں مکاتب کے قیام کی جدوجہد وغیرہ امور کے سلسلہ میں اہم تجاویز منظور کی گئیں۔

اجلاس کا آغاز حضرت مولانا مفتی ابوالقاسم صاحب نعمانی زید مجدہم کی زیر صدارت مہمان خانہ دارالعلوم میں صبح نو بجے جناب قاری عبدالرؤف صاحب بلند شہری استاذ تجوید وقراءت دارالعلوم دیوبند کی تلاوت قرآن سے ہوا۔ نظامت کے فرائض ناظم عمومی رابطہ مولانا شوکت علی قاسمی بستوی نے انجام دئے، سوا بارہ بجے دوپہر کو حضرت صدر اجلاس دامت برکاتہم کی دعا پر نشست اول کا اختتام عمل میں آیا۔

===========================================================

**جاری کردہ**

**مرکزی دفتر رابطہ مدارس اسلامیہ عربیہ دارالعلوم دیوبند**

برائے اشاعت اخبار:

یہ خبر اخبارات میں شائع کردی جائے۔

ابوالقاسم نعمانی غفرلہ

مہتمم دارالعلوم دیوبند

۱۴۴۵/۴/۵ھ